قرآن مجید کے تراجم جنوبی ہند کی زبانوں میں	مؤلف: مظہر ممتاز قریشی - ناشر: بہادر یار جنگ اکادمی کراچی - ضخامت: ۱۶۰ صفحات - قیمت: ۳۰/- روپے

یہ حقیقت، بلکہ بدیہی حقیقت ہے کہ اسلام عالمگیر اور ہمہ گیر دین ہے۔ اس کی بنیادی تعلیمات کا مجموعہ قرآن مجید ہے۔ قرآن کلام الٰہی ہے، کسی فرد بشر یا مخلوق کا کلام نہیں۔ لاریب اس میں کسی قسم کے شک وشبہ کی قطعاً گنجائش نہیں۔ ذالک الکتاب لاریب فیہ۔

بنی نوع انسان تک اس کی اساسی و بنیادی تعلیمات پہنچانے کے لیے ناگزیر تھا کہ اس کے معانی و مطالب عربی زبان سے دوسری زبانوں میں بیان کیے جائیں، تاکہ براہ راست آشنا نہ رکھنے والے لوگ اپنی اپنی ملکی اور علاقائی زبان میں اس کے پیغام و دعوت کو سمجھ سکیں۔

قرآن مجید کے تراجم دنیا کی ہر زبان میں کیے جا رہے ہیں۔ اب تک کی معلومات کی حد تک تقریباً ۵۶ زبانوں میں مکمل اور ۶۵ زبانوں میں نامکمل تراجم ہو چکے ہیں۔ قرآن کے تراجم جنوبی ہند کی زبانوں گجراتی، تلیگو، کنڑی، تامل، ملیالم اور مراٹھی میں کیے جا چکے ہیں۔ ان سے مؤلف نے روشناس کرایا ہے۔ مزید برآں قرآن مجید کے مکمل تراجم کی تاریخ اور اس کے تراجم پر سیر حاصل بحث کی ہے۔

قرآن مجید سے لگاؤ اور شغف رکھنے والے طلبا اور طالبات اور دیگر حضرات کے لیے نہایت فائدہ مند کتاب ہے۔ کتابت و طباعت عمدہ اور ٹائیٹل ... ہے۔

(ع - و)

یٰایّھا الّذین اٰمنوا	مؤلف: خالدہ تنویر - ناشر: یقین اسلامک پبلشرز - العزیز مارکیٹ ۱۷- اردو بازار، لاہور - ضخامت ۲۴۴ صفحات - قیمت: ۲۱/- روپے

قرآن مجید سراسر رشد و ہدایت کی کتاب ہے۔ رشد و ہدایت کا کوئی پہلو ایسا نہیں جسے اس میں بیان نہ کر دیا گیا ہو۔ گویا پوری کی پوری ہدایت کا مکمل مجموعہ قرآن مجید ہے۔